پاکستان بھر کا کثیر الاشاعت اخبار ABC Certified قیمت 15 روپے

dailyapnibat@gmail.com 92+300-6346726 www.apnibaat.com.pk

روزنامہ اپنی بات ملتان
Daily APNI BAAT Multan
عوام کی اپنی بات

چیف ایڈیٹر: امجد رفیق علوی
منیجنگ ایڈیٹر: وجیہہ علوی
ایگزیکٹو ایڈیٹر: نائلہ امجد
ایڈیٹر: ملک شہزاد اعوان

جلد: 19 | جمعہ 17 جنوری 2025 ، 16 رجب المرجب ، 04 ماگھ | شمارہ: 165

امریکی سیاح وایجوکیشنسٹ کی وفاقی محتسب ریجنل آفس ملتان میں آمد

ڈسٹن اوونز وفاقی محتسب کی کارکردگی سے متاثر،"انصاف آپ کی دہلیز پر" پروگرام کی تعریف

میلسی (عقیل اختر جوئیہ سے) امریکی سیاح و ایجوکیشنسٹ کی وفاقی محتسب ریجنل آفس ملتان میں آمد، وفاقی محتسب کی کارکردگی کے معترف، امریکی سیاح و ایجوکیشنسٹ ڈسٹن اوونز جوان دونوں پاکستان کے دورہ پر ہیں اور جنوبی پنجاب کے مختلف سیاحتی مقامات اور کلچر کو ایکسپلور کر رہے ہیں، گزشتہ روز انہوں نے وفاقی محتسب ملتان آفس کا دورہ کیا، اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر محمود خان مہے سے ملاقات کی، جس میں انہوں نے تمام مختلف شعبوں کے متعلق تفصیلی گفتگو کی اور وفاقی محتسب میں ہونے والے برق رفتار کام کے بارے میں بتایا کہ یہ کیسے کام کرتا ہے اور ایسے افراد جو کسی عدالتی فورم پر نہیں جا سکتے ان کی کیسے فوری اور بلا معاوضہ مدد کرتا ہے، جسے سن کر ڈسٹن اوونز بہت متاثر ہوئے، ان کا کہنا تھا کہ جس طرح وفاقی محتسب فوری اور بلا معاوضہ انصاف فراہم کر رہا ہے اس کی مثال ترقی یافتہ ممالک میں بھی بہت کم دیکھنے میں آئی ہے، مزید وہ وفاقی محتسب کے پروگرام "انصاف آپ کی دہلیز پر" سے بھی انتہائی متاثر ہوئے ان کا کہنا تھا کہ بطور طالب علم مجھے اس ادارہ سے بہت کچھ سیکھنے کو ملا ہے، وفاقی محتسب غریب اور دور دراز علاقوں میں رہنے والے ناخواندہ عوام کے لیے مسیحا کا کردار ادا کر رہا ہے اور لوگوں کی دعائیں سمیٹ رہا ہے۔

Member JPNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED | ملتان سے شائع ہونیوالا کثیرالاشاعت اخبار

DAILY SARKASH Multan

MOS Media Owners Society

روزنامہ سرکش

ملتان پاکستان

چیف ایڈیٹر عمر فاروق

ایڈیٹر محبوب حسین چغتائی

جلد 13 جمعۃ المبارک 16 رجب المرجب 1446ھ 17 جنوری 2025ء (صفحات 4 قیمت 20 روپے) شمارہ 241

ایسوسی ایٹ ایڈوائزر چوہدری خالد نذیر نے واپڈا کمپلیکس کروڑ پکا میں کھلی کچہری لگائی

مختلف وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف شکایات کی سماعت کی ۔تمام شکایات کوموقعہ پرنمٹا دیا گیا

(سٹاف رپورٹر)ایسوسی ایٹ ایڈوائزر وفاقی محتسب آفس بہاولپور چوہدری خالد نذیر نے مورخہ۔ 16-01-2025 بروز جمعرات کوواپڈا کمپلیکس کروڑ پکا میں کھلی کچہری لگائی جس میں مختلف وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف شکایات کی سماعت کی، سائلین کے مسائل کوفوری حل کروانے اورمناسب ریلیف فراہم کرنے کیلئے متعلقہ وفاقی محکموں کے آفیسران نے شرکت کی جس میں ایسوسی ایٹ ایڈوائزر نے متعلقہ محکموں بشمول واپڈا نادرہ، سوئی گیس کے افسران کوہدایات جاری کیں کہ لوگوں کے مسائل کوحل کروانے کی بھرپورکوشش کریں اوروفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد میں تاخیر نہ کریں۔تمام شکایات کوموقعہ پرہی نمٹا دیا گیا . مجموعی طور پر میپکو کے صارفین کو ڈیٹکشن بل کی مد میں تقریب 14لاکھ روپے سے زائد کا ریلیف فراہم کیا اور 35ڈیفیکٹو میٹرز تبدیل کروادیئے، بیوہ کالونی کے دوعدد ٹرانسفارمر 50 kva سے 100 KVA اور 03عدد ٹوٹے ہوئے کھمبے تبدیل کروادیئے کروڑ پکا کے نواحی علاقہ وگھ مل کا ٹرانسفارمر 100-KVA سے 200-KVA کروادیا ,سوئی گیس کی لائنوں کی سروس اور دوعدد خراب میٹرز کی تبدیلی کے ساتھ ساتھ کروڑ پکا اوراس سے ملحقہ علاقوں کے دوعدد ٹوٹے ہوئے کھمبوں کی تبدیلی کے ساتھ ساتھ گیس پریشر کی بحالی کے احکامات صادر کیے۔ جس پرشکایت کنندگان نے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا شکریہ ادا کیا جسکے احکامات سے ایسوسی ایٹ ایڈوائزر چوہدری خالد نذیر نے کروڑ پکا کا دورہ کیا۔مختلف وفاقی اداروں کے خلاف 80 شکایات موصول ہوئیں۔مزید براں چوہدری خالد نذیر نے میڈیا نمایندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام کے مسائل کوحل کروانے اورجلد از جلد انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے انتھک محنت اورکوشش جاری رکھیں گے اوراس نظریہ اور پروگرام کے مطابق فوری ریلیف فراہم کرتے رہنا ہمارا اولین فرض ہے، اور ہر شکایت کا فیصلہ 60 دن میں بغیر فیس اور وکیل کے کردیا جاتا ہے. شکایت کنندگان نے اس بات کی تائید کی اور کہا کہ اس سنگین اور پریشان کن دور میں بغیر رشوت اور سفارش کے وفاقی محتسب کے تعاون سے انکو فوری انصاف مل جاتا ہے . سائلین نے اس بات کو مدیدا جاگر کیا کہ انکی شکایات کا اندراج اور سماعت بذریعہ وٹس ایپ ہو جاتا ہے ,اور وفاقی محتسب سے انصاف لینے کے لیے دوردراز کا سفر بھی نہیں کرنا پڑتا۔